Sl. No. :

नामांक Roll No.

No. of Questions - 28

S-72-Urdu(T.L.)

No. of Printed Pages - 11

SECONDARY EXAMINATION, 2021

URDU

(Third Language)

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

यहाँ से काटिए

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION BOOKLET

प्रश्न पुस्तिका को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें

Tear Here

طلبہ کے لیے ہدایات :

(1) طلبہ/طلبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(2) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(3) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(4) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(5) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں اُن حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(6) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(7) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

نوٹ — سوالات کے نمبر مندرجہ ذیل ہیں :

حصے	سوالوں کی تعداد	ہر سوال کے نمبر	کل نمبر
حصہ—الف	سوال نمبر 1 میں (i سے x) اور 2 سے 11 = 20	1	20
حصہ—ب	سوال نمبر 12 سے 19 = 8	2	16
حصہ—ج	سوال نمبر 20 سے 23 = 4	4	16
حصہ—د	سوال نمبر 24 سے 25 = 2	5	10
حصہ—ہ	سوال نمبر 26 سے 28 = 3	6	18

حصہ (الف)

1. مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں، صحیح جواب چن کر دی گئی کاپی میں لکھیے۔

(i) ''امتحان کی تیاری'' سبق کے مصنف ہیں :

(الف) مرزا فرحت اللہ بیگ (ب) ڈپٹی نذیر احمد

(ج) سر سید احمد خاں (د) منشی پریم چند 1

(ii) نوشیروان مشہور تھا :

(الف) ظلم کے لیے (ب) عدل و انصاف کے لیے

(ج) بہادری کے لیے (د) سخاوت کے لیے 1

(iii) ابّو خاں رہنے والے تھے :

(الف) دلّی کے (ب) آگرہ کے

(ج) الموڑے کے (د) بیجاپور کے 1

(iv) عبدالحمید کو کس طرح لطف حاصل ہوتا تھا ؟

(الف) دوڑنے بھاگنے میں (ب) غلیل سے نشانہ لگانے میں

(ج) کھیلنے کودنے میں (د) کتابیں پڑھنے میں 1

(v) انسان کے لیے اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہے :

(الف) دولت (ب) مکان

(ج) گاڑی (د) تندرستی 1

(vi) ''کونین'' کا مطلب ہے :

(الف) دنیا (ب) آخرت

(ج) دونوں جہاں (د) آسمان 1

(vii) شیر وشکر اور سیویاں پکانے کی دھوم کب ہوتی ہے ؟

(الف) عید کو (ب) محرم کو

(ج) شبِ برات (د) شبِ قدر 1

(viii) پرندے کو کون سا زمانہ یاد آرہا ہے ؟

(الف) دیوانگی کا (ب) بڑھاپے کا

(ج) گذرا ہوا (د) آنے والا 1

(ix) نظم "بہادر بنو" کے شاعر ہیں :

(الف) علامہ اقبالؔ (ب) مولانا حالیؔ

(ج) مرزا غالبؔ (د) سورج نرائن مہرؔ 1

(x) میرؔ کا پورا نام ہے :

(الف) میر تقی (ب) میر متقی

(ج) میر سخی (د) میر ولی 1

نوٹ : مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیئے :

2. ''محنت کرو'' نظم میں شاعر نے کسے کوڑا مار کر محنت کرنے کا مطالبہ کیا ہے ؟ 1

3. ڈپٹی نذیر احمد کہاں پیدا ہوئے ؟ 1

4. امتحان میں کون سی دو صورتیں ہوتی ہیں ؟ 1

5. فرحت اللہ بیگ نے والدین سے کس چیز کا تقاضہ کیا ؟ 1

6. ''صیدگاہ'' کے معنی لکھیے۔ 1

7. ابّو خاں کو کیا پالنے کا شوق تھا ؟ 1

8. بیمار شخص کے علاوہ اس کی بیماری سے اور کون پریشان ہوتے ہیں ؟ 1

نوٹ : مندرجہ ذیل خالی جگہوں میں صحیح لفظ لکھ کر جملہ پورا کیجئے :

9. دنیا میں ہر چیز کی کچھ نہ کچھ تلافی ہے، مگر نہیں ہے تو..... کی۔ 1

10. درخت پر بیٹھی چڑیوں میں بحث ہو رہی تھی کہ..... کس کی ہوئی ؟ 1

11. عبدالحمید کی بیوی کا نام..... تھا۔ 1

حصہ (ب)

نوٹ : مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے :

ایک ایرانی خاندان کے پاس چینی کا ایک قیمتی گلدان ہوا کرتا تھا۔ ایک بے فکرے اور بے پرواہ نوجوان نے اپنے بوڑھے دادا سے اس کی اہمیت کے بارے میں پوچھا، جواب ملا کہ وہ گلدان نسلوں سے ہمارے خاندان میں سب سے قیمتی وراثت کی حیثیت سے محفوظ چلا آرہا ہے، اور خاندان کے ہر فرد اور نسل کا فرض ہے کہ اس کی حفاظت کرے۔ نوجوان نے کہا — اب اس کی حفاظت کا تردد ختم ہوا، کیونکہ چینی کا وہ گلدان موجودہ نسل کے ہاتھ سے پھسل کر فرش پر گرا اور چکنا چور ہو گیا۔ بوڑھا بولا — حفاظت کا تردد ختم ہوا، ندامت کا دور کبھی ختم نہ ہوگا۔

12. چینی کا قیمتی گلدان کس کے پاس ہوا کرتا تھا ؟ 2

13. بوڑھے دادا نے قیمتی گلدان کی کیا اہمیت بتائی ؟ 2

14. چکنا چور کرنا محاورے کا معنی لکھیے۔ 2

15. قیمتی گلدان کے ٹوٹنے پر بوڑھا کیا بولا ؟ 2

نوٹ : مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات دو سطروں میں لکھیے :

16. فرحت اللہ بیگ کے والد صاحب کیوں خوش تھے ؟ 2

17. "حمد" کسے کہتے ہیں ؟ 2

18. مندرجہ ذیل الفاظ کے مترادفات لکھیے : 2

(i) امیر

(ii) دنیا

19. مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے : 2

(i) محبت

(ii) زندگی

حصہ (ج)

نوٹ : مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً تحریر کیجیے :

20. مندرجہ ذیل محاوروں کا مطلب لکھتے ہوئے جملوں میں استعمال کیجیے : 4

(i) باغ باغ ہونا

(ii) جان میں جان آنا

یا

مندرجہ ذیل کہاوتوں کا مطلب لکھتے ہوئے جملوں میں استعمال کیجیے :

(i) الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے

(ii) گھر کی مرغی دال برابر

21. مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامتیں بتاتے ہوئے ان کی تعریف لکھیے : 4

(i) ختمہ

(ii) سوالیہ

یا

مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامتوں کو کیا کہتے ہیں ؟ ان کی تعریف لکھیے :

(i) " "

(ii) :-

22. فعل کسے کہتے ہیں ؟ مثال دے کر سمجھائیے : 4

یا

مفعول کی تعریف مع مثال کے لکھیے۔

23. نظم کی مختصر تعریف لکھیے : 4

یا

غزل کی مختصر تعریف لکھیے۔

حصہ (د)

24. مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجئے : 5

بس یہ خیال اپنے دل میں ہرگز مت آنے دو کہ ابھی سیکھنے کا بہت وقت آرہا ہے۔ ایسی کیا بھاگڑ مچی ہے کہ رات دن لکھنے پڑھنے کے پیچھے کوئی مرمٹے۔ اگلا حال کچھ کسی کو معلوم نہیں۔ کون جانے کہ تندرستی رہے نہ رہے۔ زمانہ فرصت دے نہ دے۔ یہ سب سامان جو اب مہیّا ہیں میسّر ہوں یا نہ ہوں بے شک وقت کی قدر و قیمت اور اس کی بھاگا بھاگ تو یہ چاہتی ہے کہ تم خواب وخور اپنے اوپر حرام کر کے رات دن کتاب پر سے سر نہ اٹھاؤ۔

یا

اس کے عدل وانصاف کی حکایتوں میں سب سے زیادہ دلچسپ اس پیرزال کا قصہ ہے جس نے بادشاہ کے ہاتھ اپنا جھونپڑا فروخت کرنا منظور نہ کیا۔ بات یہ تھی کہ بادشاہ نے ایک ایوان عالی شان تعمیر کرایا تھا، اس کے ایک گوشے کی کجی بغیر اس کے دور نہیں ہوسکتی تھی کہ بڑھیا کی زمین بھی اس میں شامل کرلی جائے۔ ہرچند بڑھیا سے درخواست کی گئی اور اس کو بہت بڑے معاوضہ کی طمع دلائی گئی مگر وہ کسی طرح راضی نہ ہوئی۔

25. مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 5

(i) ہوش جاتا نہیں رہا لیکن جب وہ آتا ہے تب نہیں آتا

(ii) کیا وہ نمرود کی خدائی تھی ؟ بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

یا

مندرجہ ذیل بند کا مطلب لکھیے اور شاعر و نظم کا نام بھی لکھیے :

روزے کی خشکیوں سے جو ہیں زرد زرد گال
خوش ہو گئے وہ دیکھتے ہی عید کا ہلال
پوشاکیں تن میں زرد سنہری سفید گال
دل کیا کہ ہنس رہا ہے پڑا تن کا بال بال
ایسی نہ شب برأت نہ بقرعید کی خوشی
جیسی ہر ایک دل میں ہے اس عید کی خوشی

حصہ (ہ)

26. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے : 6

(i) محنت کرو

(ii) پرندے کی فریاد

(iii) بہادر بنو

27. آپ کے گھر مہمان آنے کی وجہ سے اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کو دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 6

یا

اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھیے جس میں کتابیں خریدنے کے لیے پانچ سو روپے طلب کیے گئے ہوں۔

یا

اپنے دوست کو دسویں جماعت میں اول آنے پر مبارک باد کا خط تحریر کیجیے۔

6

28. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے :

(i) تاج محل کی سیر

(ii) عید الفطر

(iii) میرا پسندیدہ شاعر

DO NOT WRITE ANYTHING HERE